ٹینڈر نوٹس

واپڈا ہیبسک ڈسپنسری رحیم یار خان میں عرصہ ایک سال تک گرین سلپ روزانہ کی بنیاد پر 24 گھنٹے ادویات کی خریداری کیلئے (مقامی) منظور شدہ کیمسٹ سے ڈریپ کی طرف سے مقرر کردہ ریٹیل قیمت پر زیادہ سے زیادہ ڈسکاؤنٹ کی بنیاد پر کوٹیشنز درکار ہیں۔

1۔ کیمسٹ/ڈرگسٹ/فرمز کا گورنمنٹ اور محکمہ صحت کی ہدایات کے مطابق لائسنس یافتہ ہونا ضروری ہے۔

2۔ کیمسٹ/ڈرگسٹ/فرمز انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ ہوں اور ایف بی آر پاکستان کی ایکٹو ٹیکس دہندہ کی لسٹ پر موجود ہوں۔

3۔ معاہدہ کی مدت 01 سال ہوگی۔

4۔ کوٹیشنز کے لفافے کو سٹیپل کرنے کی بجائے چپکنے والی گوند سے سربمہر اور لفافے پر کنٹریکٹر کا نام مکمل پتہ اور رابطہ نمبر درج ہونا لازمی ہے۔

5۔ ٹینڈر دستاویزات کی قیمت مبلغ -/1000 روپے ہے۔

6۔ ٹینڈر اصل لیٹر ہیڈز (فوٹو کاپی ہرگز نہیں) جس پر پیشکش دہندہ کا نام، مکمل پتہ اور رابطہ نمبر لکھا ہو درج کرنا ہوگا، لیٹر پیڈ پر کنٹریکٹر یا اس کے نمائندہ کی طرف سے باقاعدہ دستخط اور تاریخ درج ہونا لازمی ہے۔ کنٹریکٹر کو پیشکش کے ہمراہ قومی شناختی کارڈ کی کاپی بھی جمعہ کروانا ہونگی۔

7۔ منظور شدہ کیمسٹ واپڈا ملازمین کو ادویات گرین سلپ اور دفتر ہذا کی طرف سے دیا جانے والے لوکل پرچیز واؤچر مہیا کرنے پر فراہم کرے گا۔ کسی قسم کی متبادل ادویات قابل قبول نہیں ہوگی۔

8۔ شمولیت کنندہ کنٹریکٹر/پیشکش دہندگان کو قومی شناختی کارڈ کی نقل کے ہمراہ الگ سے مبلغ -/15000 روپے مالیت کی پیش ضمانت بصورت بینک ڈرافٹ بنام میڈیکل سُپرنٹنڈنٹ واپڈا ہسپتال ملتان جمع کروانا ہونگے۔

9۔ پیشکش/ٹینڈر دفتر میڈیکل سُپرنٹنڈنٹ واپڈا ہسپتال ملتان مورخہ 12/03/2024 بوقت دن 11:00 بجے تک جمع کروائے جاسکتے ہیں۔ مذکورہ ٹینڈر اسی دن 12/03/2024 بوقت دن 11:30 بجے کھولے جائیں گے۔

10۔ عام تعطیل کی صورت میں ٹینڈر اگلے ایام کار میں کھولے جائینگے۔

11۔ نامکمل اور تاخیر سے موصول ہونے والے ٹینڈر ناقابل قبول ہونگے۔

12۔ مجاز اتھارٹی تمام ٹینڈر قوانین کے مطابق رد کرسکتی ہے۔

13۔ ٹینڈر واپڈا ہیبسک ڈسپنسری رحیم یار خان سے مورخہ 11/03/2024 تک دوران آفس ٹائم خریدے جاسکتے ہیں۔

14۔ ٹینڈر کے ساتھ ایک بیان حلفی نان جوڈیشل اسٹام پیپر پر جمع کروانا ہوگا۔ جو یہ گارنٹی دیگا کہ کیمسٹ/ڈرگسٹ/فرم سی بھی سرکاری، نیم سرکاری یا نجی ادارو سے بلیک لسٹ نہیں ہے۔

ڈاکٹر محمد افضل، میڈیکل سُپر نٹینڈنٹ واپڈا ہسپتال ملتان فون نمبر: 0619220210
سینئر میڈیکل آفیسر (انچارج) واپڈا ہیبسک ڈسپنسری رحیم یار خان: 0685870285

This notice is also available at PPRA Website: www.ppra.org.pk

PID(L) Website: www.wapda.gov.pk PRD(L)/WAPDA/308(2023-24)

Donate for Diamer Basha & Mohmand Dams

12cm x 2col